ہندوستان ۔میانمار مشترکہ مشاروتی کمیشن کا پہلا اجلاس

نئی دہلی

14 جولائی، 2015

(آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان ۔میانمار مشترکہ مشاورتی کمیشن (جی سی سی) کا پہلا اجلاس ہندوستانی وزیر خارجہ اور میانمار کے وزیر خار کی صدرات میں 16 جولائی 2015 کو نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔میانمار کے وزیر خارجہ ونا مونگ لونگ اجلاس کے لئے ہندوستان میں ایک اعلی سطحی وفد کی قیادت کریں گے ۔

جے سی سی کا قیام ہندوستانی وزرات خارجہ اور میانمار کے وزرات خارجہ کے درمیان طے شدہ مشورہ سے عمل میں آیا تھا جس پر 2003 میں میانمار کے وزیر خارجہ کے دورہ ہند کے موقع پر دستخط ہوا تھا۔

یہ جے سی سی کا یہ پہلا اجلاس، مختلف شعبوں میں دوطرفہ اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لینے، شعبوں کی شناخت اور دوطرفہ شراکت داری میں مزید ترقی کے لئے رہنمائی کرے گا۔اجلاس

باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیالات کے لئے ایک مفید موقع فراہم کرے گا۔

ہندوستان میں قیام کے دوران، میانمار کے وزیر خارجہ عزت مآب وزیراعظم ہند سے ملاقات کریں گے۔ان کے پروگرام میں نئی دہلی میں واقع خارجہ سروس کے اداروں کا دورہ بھی شامل ہے۔وہ اپنے قیام کے دوران پورے وفد کے ساتھ جے پور کے تاریخی مقامات کا بھی دورہ کریں گے۔

نئی دہلی

14 جولائی، 2015